صرف پڑھنے کے لیے

4923CH20

## سبق - 20


# جلوۂ دربارِ دہلی

سر میں شوق کا سودا دیکھا     دہلی کو ہم نے بھی جا دیکھا
جو کچھ دیکھا اچھا دیکھا     کیا بتلائیں کیا کیا دیکھا

جمنا جی کے پاٹ کو دیکھا     اچھے سُتھرے گھاٹ کو دیکھا
سب سے اُونچے لاٹ کو دیکھا     حضرت ڈیوک کناٹ کو دیکھا

پلٹن اور رسالے دیکھے     گورے دیکھے کالے دیکھے
سنگینیں اور بھالے دیکھے     بینڈ بجانے والے دیکھے

خیموں کا اک جنگل دیکھا     اِس جنگل میں منگل دیکھا
برمھا اور ورنگل دیکھا     عزت خواہوں کا دنگل دیکھا



© NCERT not to be republished

سڑکیں تھیں ہر کمپ سے جاری    پانی تھا ہر پمپ سے جاری
نور کی موجیں لمپ سے جاری    تیزی تھی ہر جمپ سے جاری

کچھ چہروں پر مردی دیکھی    کچھ چہروں پر زردی دیکھی
اچھی خاصی سردی دیکھی    دل نے جو حالت کردی دیکھی

ڈالی میں نارنگی دیکھی    محفل میں سارنگی دیکھی
بے رنگی با رنگی دیکھی    دہر کی رنگا رنگی دیکھی

اچھے اچھوں کو بھٹکا دیکھا    بھیڑ میں کھاتے جھٹکا دیکھا
منہ کو اگرچہ لٹکا دیکھا    دل دربار سے اٹکا دیکھا

ہاتھی دیکھے بھاری بھرکم    ان کا چلنا کم کم تھم تھم
زرّیں جھولیں نور کا عالم    میلوں تک وہ چم چم چم چم

چوکی اک چولکھّی دیکھی    خوب ہی چکھی پکھی دیکھی
ہر سوٗ نعمت رکھی دیکھی    شہد اور دوٗدھ کی مکھی دیکھی

ایک کا حصہ منّ و سلوا    ایک کا حصّہ تھوڑا حلوا
ایک کا حصّہ بھیڑ اور بلوا    میرا حصّہ دوٗر کا جلوا

(اکبرالہ آبادی)

© NCERT not to be republished

# نوٹ

© NCERT
not to be republished

# نوٹ

© NCERT not to be republished

# نوٹ

© NCERT
not to be republished